خلاف ترتیب وضو کرنا

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2050

تاریخ اجراء: 20ربیع الاول1445ھ/07اکتوبر2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر وضو کرتے ہوئے، بے دھیانی میں اعضائے وضو دھونے میں ترتیب آگے پیچھے ہو جائے، تو کیا وضو ہو جائے گا؟ اور اس وضو سے جو نماز پڑھی اس نماز کا کیا حکم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

وضو کرتے ہوئے، اعضائے وضو ترتیب کے ساتھ دھونا سنتِ مؤکدہ ہے۔ ترتیب سے مراد یہ ہے کہ پہلے چہرہ دھونا، پھر کہنیوں سمیت ہاتھ دھونا، پھر سر کا مسح کرنا اور پھر پاؤں دھونا۔ اگر کوئی اس ترتیب کے خلاف وضو کرے تو چاہے بھول کر ایسا کرے یا جان بوجھ کر، بہر صورت اِس سے وضو پر کچھ اثر نہیں پڑے گا، وضو بالکل درست ہو جائے گا اور ایسے وضو سے نماز بھی ہو جائے گی۔ البتہ جان بوجھ کر ترتیب کے خلاف وضو کرنا، اِساءت (یعنی برا عمل) ہے اور اس کی عادت بنالینا، ناجائز و گناہ ہے۔ ہاں اگر بھول کر ترتیب آگے پیچھے ہو جائے تو ایسی صورت میں اصلاً کوئی قباحت نہیں۔

وضو میں ترتیب کے سنت مؤکدہ ہونے سے متعلق، جوہرہ نیرہ میں ہے: ”الترتيب عندنا سنة مؤكدة على الصحيح ويسيء بتركه“ ترجمہ: صحیح قول کے مطابق ہمارے نزدیک وضو میں ترتیب سنت مؤکدہ ہے اور اس کو (جان بوجھ کر) چھوڑنے سے بندہ اساءت کا مرتکب ہو گا۔ (الجوهرة النيرة، جلد1، کتاب الطهارة، صفحہ33، دار الکتب العلمیة، بیروت)

خلاف ترتیب وضو کرنے سے بھی وضو ہو جائے گا، جیسا کہ مبسوط سرخسی میں ہے: ”(وإن بدأ في وضوئه بذراعيه قبل وجهه، أو رجليه قبل رأسه أجزأه عندنا)، فإن الترتيب في الوضوء عندنا سنة“ ترجمہ: اور اگر کسی شخص نے وضو کرتے ہوئے، اپنے چہرہ سے پہلے، اپنے ہاتھوں کو دھونا شروع کر دیا، یا سر کے مسح سے پہلے اپنے

پاؤں دھونا شروع کر دیئے تو ہمارے نزدیک وضو ہو جائے گا کیونکہ ہمارے نزدیک وضو میں ترتیب سنت ہے۔(مبسوط سرخسی، جلد1، صفحہ55، دار المعرفۃ، بیروت)

بہار شریعت میں ہے:”اور ترتیب کہ پہلے مونھ، پھر ہاتھ دھوئیں، پھر سر کا مسح کریں، پھر پاؤں دھوئیں، اگر خلافِ ترتیب وُضو کیا یا کوئی اور سنت چھوڑ گیا، تو وُضو ہو جائے گا، مگر ایک آدھ دفعہ ایسا کرنا بُرا ہے اور ترکِ سنّتِ مؤکّدہ کی عادت ڈالی، تو گنہگار ہے۔“(بہار شریعت، جلد1، حصہ2، صفحہ296، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net